## سوال

طواف کے لیے وضو کا شرط ہونا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا طواف کے لیے وضوء شرط ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

طواف کے لیے وضوء ضروری ہے کیونکہ طواف کو حدیث میں نماز سے تعبیر کیا گیا ہے «اَلطَّوَافُ بِالْبَيْتِ صَلاَةٌ اِلاَّ اَنَّ ا اَبَاحَ فِيْهِ الْكَلاَمَ» (ارواہ الغلیل ج1ص154)اور نماز کے لیے وضوء ضروری ہے جنازہ میں وضوء ضروری ہونے کی یہی دلیل پیش کی جاتی ہے کہ جنازہ کو نماز قرار دیا گیا ہے اور نماز کے لیے وضوء ضروری ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**احکام و مسائل**

**حج و عمرہ کے مسائل ج1ص293**